17-04-2026 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔تلنگانہ سے 30 لاکھ میٹرک ٹن بائلڈ رائس کی خریدی کیلئے وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے مرکزی وزیر سے اصولی منظوری حاصل کرلی ہے۔

۲۔کالیشورم بیارج کے کاموں میں تیزی لانے کیلئے کرنل پرکشت مہرا کی نگرانی میں اعلیٰ سطح کی اسٹیرنگ کمیٹی قائم کی گئی ہے۔

۳۔این رام چندرراؤ نے خواتین کوقومی سطح کی لیڈرس بنانے کے وزیراعظم مودی کے ویژن کوسراہا۔

اور

۴۔نائب وزیراعلیٰ بھٹی وکرامارکہ کی مداخلت اور مذاکرات کے ذریعہ مسئلہ کے حل پرزوردینے کے بعد کاریگروں کی جے اے سی نے اپنی ہڑتال واپس لے لی۔

HARISH

بی آر ایس لیڈر ہریش راؤ نے وزیراعلیٰ ریونت ریڈی پرسیگاچی صنعت کے متاثرین کے ساتھ دھوکہ کرنے کا الزام لگایا۔انہوں نے کہا کہ حکومت نے متاثرین کوایک کروڑ روپے کا معاوضہ دینے کا وعدہ کیا تھا تاہم اسے پورانہیں کیا۔انہوں نے کہا کہ متاثرین کو پی ایف اورای سی آئی فنڈس سمیت اوسطاً 45 لاکھ روپے ہی ملے ہیں۔ ہریش راؤ نے حکومت کے انتظامیہ کے ساتھ ملی بھگت کا الزام لگاتے ہوئے مطالبہ لیا کہ کمپنی کے اثاثہ جات کوضبط کرتے ہوئے متاثرہ خاندانوں کو مابقی 29 کروڑ روپے جاری کیئے جائیں۔

YADADRI:

بھونگیر کے رکن اسمبلی انیل کمار ریڈی نے سنگنا گوڑم میں ڈبل بیڈروم مکانات کی تعمیر کے کاموں کا جائزہ لیا۔ اِس موقع پر ایڈیشنل کلکٹر بھاسکر راؤ بھی رکن اسمبلی کے ہمراہ تھے۔ انیل کمار ریڈی نے بتایا کہ تعمیراتی کاموں کا بنیادی عمل مکمل ہوگیا ہے۔ انہوں نے عہدیداروں کو ہدایت دی کہ باقی کاموں کو بھی وقت پر مکمل کریں تاکہ استفادہ کنندگان کو مکانات حوالے کئے جاسکیں۔ رکن اسمبلی نے بنیادی ضروریات جیسا سڑکیں، ڈرینج، پینے کا پانی اور بجلی کے کام بھی ترجیحی بنیادوں پر کرنے کی ہدایت دی۔ واٹر ٹینک کی تعمیر کے کاموں کا معائنہ کرتے ہوئے انہوں نے اعلیٰ معیار قائم کرنے پر زور دیا اور کہا کہ مکانات کی تقسیم سے پہلے تمام سہولیات کو یقینی بنایا جائے۔

NIZAMABAD:

نظام آباد کی ضلع کلکٹر ایلا ترپاٹھی نے یاسنگی سیزن کے دوران ہلدی، جوار اور دھان کی خریدی کے عمل کی نگرانی کیلئے ضلع سطح پر خصوصی کنٹرول روم لانچ کئے۔ ضلع کلکٹر نے کسانوں سے کہا کہ وہ فون نمبر 08462220183 پر صبح 8 سے شام 8 بجے کے بیچ کال کرتے ہوئے اپنے مسائل سے عہدیداروں کو واقف کروائیں۔ انہوں نے کسانوں سے کہا کہ وہ ریاستی سطح پر دستیاب ٹال فری نمبرس 1967 اور 180042500333 پر بھی رابطہ کرسکتے ہیں۔ اِس پہل کا مقصد کسانوں کے مفادات کا تحفظ کرنا اور ان کی پیداوار کی خریدی کے عمل کو موثر بنانا ہے۔

ARRIVE ALIVE:

راجنا سرسلہ کے محکمہ پولیس اور ٹرانسپورٹ کی جانب سے ڈرائیورس کیلئے مفت آئی کیمپ اور سی پی آر ٹریننگ کا انعقاد کیا گیا۔ اسٹیٹ ریلوے اینڈ روڈ سیفٹی آئی جی پی رمیش نائیڈو، کلکٹر گریما اگروال اور ایس پی مہیش نے اِس تقریب میں شرکت کی۔ اِس موقع پر آئی جی پی نے ڈرائیورس پر زور دیا کہ وہ

ٹرافک قوانین کی پابندی کریں۔انہوں نے راہ ویرا اسکیم پر روشنی ڈالتے ہوئے ڈرائیورس پر زور دیا کہ وہ سڑک حادثات کے دوران اپنا کردار ادا کریں۔ اِس اسکیم کے تحت متاثرین کو اندرون ایک ہفتہ دیڑھ لاکھ روپے تک علاج کی سہولت ہے اور متاثرین کی فوری مدد کرنے والوں کو 25 ہزار روپے کی ترغیبی رقم ملتی ہے۔

KHAMMAM:

کھمم ٹرانسپورٹ آفیسر جے سرینواس راؤ نے اعلان کیا کہ سڑک حادثات کے متاثرین کی فوری طور پر مدد کرنے والوں کو 25 ہزار روپے نقد رقم کے انعام سے نوازا جائیگا۔اس کے علاوہ پی ایم راحت اسکیم کے تحت زخمیوں کو دیڑھ لاکھ روپے تک کے علاج کی سہولت رہے گی۔ڈرائیورس کیلئے منعقدہ ایک ہیلتھ کیمپ کے دوران ٹرانسپورٹ آفیسر نے ضلع میں 30 ہائی ریسک سڑک حادثات کے مقامات کی نشاندہی کی۔انہوں نے بتایا کہ مذکورہ مقامات کے قریب رہنے والے لوگوں کو سی پی آر کی تربیت فراہم کی گئی ہے تاکہ وہ ایمرجنسی کی صورت میں متاثرین کی مدد کرسکیں۔

JAGTIAL:

ریاستی وزیر سماجی بہبود اے لکشمن کمار نے دھرما پوری میں لکشمی نرسمہا سدل کا معائنہ کیا۔اس موقع پر ریاستی وزیر نے زیر التوا پراجکٹس کیلئے بی آر ایس حکومت پر تنقید کی۔ انہوں نے کہا کہ حالانکہ 5 کروڑ روپے کے بجٹ سے پروجیکٹ کا آغاز کیا گیا۔تاہم سابق انتظامیہ نے صرف ایک کروڑ روپے ہی جاری کئے تھے۔انہوں نے بتایا کہ موجودہ کانگریس حکومت میں وزیراعظم اعلیٰ ریونت ریڈی اور نائب وزیر اعلیٰ بھٹی وکرامارکہ نے باقی فنڈس جاری کرتے ہوئے پروجیکٹ کے کاموں میں تیزی لائی۔ ریاستی وزیر نے مزید کہا کہ انہوں نے اس پروجیکٹ کیلئے مزید دو کروڑ روپے کا انتظام کیا اور فرنیچر کیلئے ایک کروڑ روپے مختص کئے گئے۔انہوں نے بتایا کہ عقیدتمندوں کیلئے بہت جلد 6 وی آئی پی سوٹ سمیت 66 کمرے دستیاب ہیں گے۔

SUMMER:

نظام آباد کی ضلع کلکٹر ایلا تر پاٹھی نے عہدیداروں کو ہدایت دی کہ موسم گرما کے دوران پانی کی سربراہی کو یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے انتباہ دیا کہ پانی کی قلت کی وجہ سے کسی بھی عوامی احتجاج کیلئے ایم پی ڈی اوز کو ذمہ دار ٹھہرایا جائے گا۔ آرمور میں ایک جائزہ اجلاس کے دوران کلکٹر نے عہدیداروں کو ہدایت دی کہ پانی کی سربراہی کے نظام میں درکار ضروری اقدام کو یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ پائپ لائنس یا والس کو نقصان پہنچانے والوں کے خلاف ایف آئی آر درج کی جائے گی۔ ساتھ ہی انہوں نے پانی کی ٹانکیوں کی باقاعدہ صفائی پر زور دیا۔

JANGAON:

جنگاؤں کلکٹریٹ میں ڈرائیورس کیلئے منعقدہ ایک بیداری پروگرام کے دوران ضلع کلکٹر سندیپ کمار جھا نے سڑک حادثات کے وقت لوگوں کی زندگیاں بچانے کی اہمیت پر زور دیا۔ اس موقع پر ڈی جی پی راجہ مہندر نائک بھی موجود تھے۔ پروگرام کے دوران اسکول بس ڈرائیورس، آٹو ڈرائیورس اور لاری ڈرائیورس کو سی پی آر اور دیگر ہنگامی خدمات سے نمٹنے کی تربیت دی گئی۔ کلکٹر نے شہریوں پر زور دیا کہ وہ سڑک حادثات کے متاثرین کی فوری مدد کریں۔ اس موقع پر انہوں نے مرکزی حکومت کی اسکیموں کا بھی حوالہ دیا۔

UTTAM:

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی اور وزیر سیول سپلائز این اتم کمار ریڈی نے دہلی میں مرکزی وزیر پرہلاد جوشی سے ملاقات کی۔ اس موقع پر وزیراعلیٰ نے یاسنگی سیزن کے دوران تلنگانہ سے 30 لاکھ میٹرک ٹن بوائلڈ رائس خریدنے کی گزارش کی۔ وزیراعلیٰ نے پانچ فیصد کنکی کے ساتھ چاول فراہم کرنے کی پیشکش کی۔ ایک مثبت پیشرفت میں مرکزی وزیر نے اصولی طور پر اس تجویز کو منظوری دی۔ اس

موقع پر ریاستی قائدین نے مرکز پر زور دیا کہ وہ سال 15-2014 خریف سیزن کے ایک ہزار 468 اعشاریہ 94 کروڑ روپے کے بقایاجات جاری کئے جائیں۔ اس موقع پر انہوں نے اسکولوں اور ہاسٹل کے طلبہ کو تغذیہ بخش غذا کی فراہمی کیلئے مختص اسکیم کی بحالی کے عمل کی اپیل کی۔

PROGRAM:

تلنگانہ حکومت نے 20 اپریل سے 24 اپریل تک 40 رکنی تعلیمی ماہرین اور عہدیداروں کے ایک وفد کو فن لینڈ روانہ کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ اس دورہ کے دوران وفد کے ارکان ترکو اور ہیل سنکی یونیورسٹیوں میں حکام سے تربیت حاصل کریں گے۔ اس وفد میں اضافہ اور آئی اے ایس آفسران شامل ہیں۔ اس دورہ کے دوران وفد کے ارکان مختلف ورکشاپس میں شرکت کریں گے اور وہاں کے اسکولوں کا بھی دورہ کریں گے۔ حکومت کی جانب سے اِس طرح کے مزید وفود جاپان، سنگاپور اور ویتنام بھی روانہ کئے جائیں گے۔

TRUMP:

امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ ایران کے ساتھ جنگ بہت جلد ختم ہوسکتی ہے۔ تاہم انہوں نے اِس تعلق سے واضح ٹائم لائن نہیں دی۔ ٹرمپ نے کہا کہ آئندہ ہفتہ ختم ہونے والی جنگ بندی میں توسیع کی جاسکتی ہے لیکن ان کا ماننا ہے کہ اس کی ضرورت پیش نہیں آئے گی کیونکہ ایران معاہدہ کرنے کیلئے آمادہ ہے۔

BHATTI:

کاریگروں کی جے اے سی کے چیرمین ستیش ریڈی نے نائب وزیراعلیٰ بھٹی وکرامارکہ کی جانب سے ٹرانسکو سی ایم ڈی کو مسائل حل کرنے کی ہدایت دینے کے بعد اپنی ہڑتال فوری اثر کے ساتھ ختم کرنے کا اعلان کیا۔ پرجا بھون میں ایک اجلاس کے دوران جے اے سی قائدین نے نائب

وزیراعلیٰ کے مثبت ردِعمل پر اطمینان کا اظہار کیا۔اس دوران نائب وزیراعلیٰ نے کہا کہ شدید گرمی کے اس موسم میں ہڑتال کرنا مناسب نہیں ہے۔انہوں نے ملازمین کو مشورہ دیا کہ وہ عوامی خدمت کو ترجیح دیں اورانہوں نے یقین دلایا کہ تعمیراتی مذاکرات کے ذریعہ مسائل کو حل کرنے کی کوشش کی جائے۔

MAHABUBNAGAR:

نیشنل کمیشن فار ایس ٹی کے رکن جے حسین نے محبوب نگر کے لیلا نائک تانڈا کا دورہ کیا۔تاکہ وہاں کے قبائلیوں کے مسائل کو حل کیا جاسکے۔آزادی کے دہائیوں بعد بھی بنیادی ڈھانچوں کی کمی پر اپنی تشویش کا اظہار کرتے ہوئے انہوں نے قبائلی بہبود کی جانب حکومت کی لاپراہی پر تنقید کی۔انہوں نے عہدیداروں کو ہدایت دی کہ ایک مہینہ کے اندر سڑک تعمیر کی جائے اور بجلی اور پینے کے پانی کی سربراہی کو یقینی بنایا جائے۔حسین نے ایس ٹی طبقات پر زور دیا کہ وہ اپنی حقوق کے حصول کیلئے قومی کمیشن سے رجوع کریں۔ساتھ ہی انہوں نے حکام پر زور دیا کہ وہ حکومت کی مختلف اسکیموں کے بارے میں قبائلیوں میں بیداری پیدا کریں۔

WARANGAL:

ورنگل کلکٹریٹ میں ڈرائیورس کیلئے ایک بیداری پروگرام منعقد کیا گیا جس میں ضلع کلکٹر ڈاکٹر ستیہ شاردھا نے کہا کہ زندگیاں کافی قیمتی ہیں اور ڈرائیورس کو چاہیئے کہ وہ ٹرافک قوانین پر عمل کریں۔ ایک بیاک ریالی میں شرکت کے بعد کلکٹر نے کہا کہ مناسب منصوبہ بندی کے ذریعہ سفر کیا جائے تو حادثات کی روک تھام میں مدد مل سکتی ہے۔

Nari Shakti:

بی جے پی تلنگانہ مہیلا مورچہ کی صدر ڈاکٹر ایم شلپا ریڈی کی قیادت میں پلوی انجینئرنگ کالج میں سینڈ آرٹ ایونٹ کا انعقاد کیا گیا۔اس ایونٹ کے دوران طالبات نے اپنی صلاحیتوں کا مظاہرہ کیا

اور لیجسلیٹیو اداروں میں خواتین کیلئے 33 فیصد ریز رویشن کیلئے وزیر اعظم نریندر مودی کا شکریہ ادا کیا۔ اِس موقع پر مہمان خصوصی، بی جے پی کے ریاستی ایم رام چندر راؤ نے کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی خواتین کو صرف رائے دہندے کے بجائے قومی سطح کے قائد بنانا چاہتے ہیں۔ انہوں نے سابق یو پی اے حکومت پر تنقید کی اور کہا کہ سابق میں خواتین کو صرف ایک ووٹ بینک کے طور پر استعمال کیا گیا۔

Medigadda:

تلنگانہ حکومت کی جانب سے کالیشورم لفٹ اریگیشن پروجیکٹ کے تحت آنے والے مختلف بیار جس جیسے میڈی گڈہ، انارم اور سوندیلا کی بازآبادکاری کے کاموں میں تیزی لائی گئی ہے۔ پروجیکٹ کے وقت پر مکمل ہونے اور حکام کے بیچ آپسی تال میل کو بہتر بنانے کیلئے سرنگوں کے ماہر اور ریٹائرڈ آرمی آفیسر کرنل پرکشت مہرا کی نگرانی میں ایک اعلیٰ سطح کی اسٹیرنگ کمیٹی قائم کی گئی ہے۔ یہ کمیٹی ہفتہ میں دو مرتبہ اپنے اجلاس منعقد کرے گی اور حکومت کو کاموں میں ہو رہی پیشرفت سے واقف کروائے گی۔

Prarambh:

ایف ٹی سی سی آئی حیدرآباد میں ایک پروگرام کا انعقاد کیا گیا جس میں انکم ٹیکس ایکٹ 2025ء پر تفصیلی غور و خوص کیا گیا۔ مقررین نے 1961ء ایکٹ کے حوالہ سے نئے قانون کے بارے میں جانکاری فراہم کی۔ 400 سے زیادہ پروفیشنلس نے اس پروگرام میں شرکت کی۔

Weather:

محکمہ موسمیات حیدرآباد نے تلنگانہ میں 17 اپریل سے 21 اپریل کے دوران موسم میں تبدیلی کی پیش قیاسی کی ہے۔ حکام کے مطابق ابتدائی طور پر خشک موسم برقرار رہے گا اور درجہ حرارت میں ایک سے دو ڈگری سلسیس کا اضافہ ہوگا۔ محکمہ موسمیات نے بتایا کہ عادل آباد، منچریال اور کمرم بھیم آصف آباد میں گرمی کی لہر میں اضافہ ہوسکتا ہے۔ محکمہ کے مطابق 18 اپریل سے اضلاع جئے شنکر بھوپال پلی،

ملک اور بھدر رادری کوتہ گوڑم میں 40 کلومیٹر فی گھنٹہ کی رفتار سے ہوائیں چل سکتی ہیں اور ہلکی تا اوسط بارش کا امکان ہے۔آئندہ ہفتہ میں میدک اور کاماریڈی میں بھی موسم میں تبدیلی کا امکان ہے جس سے لوگوں کو شدید گرمی سے راحت مل سکتی ہے۔

○○